| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری چھبیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف ’ل‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ<br>حرف ’ل‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت/ بناوٹ سے ل لکھ سکیں۔<br>حرف ’ل‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف ’ل‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’حروف تہجی اردو کے‘ نظم سنائی جائے گی۔ اسے لے کر گ تک تمام حروف کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف ’ل‘ کا تلفظ، صوتی آواز آدھی شکل اور شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلمہ ہاتھ میں حرف ’ل‘ کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوں گی۔ بچوں کو اسلام وعلیکم کہہ کر حرف ’ل‘ سے متعارف کروائے گی۔ میں حرف ’ل‘ ہوں۔ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری شکل تبدیل ہوجاتی ہے حرف ’ل‘ کی آدھی شکل ا کو Puppet Stick Card کے ذریعے متعارف کروایا جائے گا۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ حرف ’ل‘ حروف تہجی کا اکتیسواں حرف ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’ل‘ درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف ’ل‘ کے ذخیرہ الفاظ لڑکی، لٹو، لالٹین اور لومڑی فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے۔ تختہ سفید سیاہ پر لکیر کھینچی جائے گی اور بچوں کو ’ل‘ کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔<br>نوٹ: ابنا کر لکیر پر لائیں اور پھر اس کے ساتھ آدھا دائرہ بنائیں بچوں کو بلا کر باری باری حرف ’ل‘ لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:** بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں لٹو میں انگلی کی مدد سے لال رنگ کرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو کتاب صفحہ 54 کھولنے کو کہا جائے گا۔ ’ل‘ پر انگلی پھیرنے اور آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ تصاویر کے ذریعے ’ل‘ کے تمام الفاظ بتائے جائیں گے۔ حروف کے کٹ آؤٹس یا پلاسٹک حروف ٹوکری میں رکھ کر بچوں کو باری باری حرف ’ل‘ تلاش کرنے کی سرگرمی کرائی جائے گی۔<br>نوٹ: ’ل‘ کے کٹ آؤٹس/ پلاسٹک حرف زیادہ ہوں گے باقی حروف کے مقابلے میں۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 54 | |
| | **اختتامیہ:** بچوں کو حرف ’ل‘ کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری چھبیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ل' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ل' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت/ بناوٹ سے ل لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی اردو کے نظم سنائی جائے گی حرف 'ل' کی پوری اور آدھی شکل دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ل' کا تلفظ، صوتی آواز آدھی شکل اور شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'ل' کے ذخیرہ الفاظ فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دکھا کر دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو لڈو کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ لڈو ہے لڈو مٹھائی میں ہوتا ہے۔ کس کس کو لڈو کھانا پسند ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ابتدائی آواز ل، کی ہے۔ بچوں سے ہوا میں حرف 'ل' کی پوری اور آدھی شکل بنوائی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| حرف 'ل' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف 'ل' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **مرکزی سرگرمی:**<br>پانچ پانچ طلباء کے گروپ بنا دیجیے۔ ہر ایک گروپ کو ایک موٹی مومی پینسل اور پرانے اخبارات دے دیجیے بچوں سے کہیے کہ مومی پینسل کی مدد سے اخبار پر 'ل' لکھیں۔ معلمہ حرف 'ل' بورڈ پر لکھیں گی۔ پہلے حرف 'ل' کی پوری شکل کو لکھنے کو کہیے اور بعد میں آدھی شکل 'ل' لکھنے کی مشق کروائیے۔ کتاب صفحہ 55 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم کونسا حرف سیکھ رہے ہیں۔ تمام تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ 'ل' کو اس سے بننے والے الفاظ سے ملانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ | 20 منٹ | مومی پینسل<br>پرانے اخبار<br>کتاب صفحہ 55 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ پر لکیر کھینچ کر بچوں سے باری باری حرف 'ل' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>نوٹ: بچوں کو گھر میں موجود کوئی سی لال رنگ کی چیز لانے کو کہا جائے گا۔<br>**گھر کا کام:**<br>ورک شیٹ کیجیے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری چھبیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ل' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ<br>حرف 'ل' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت/ بناوٹ سے ل لکھ سکیں۔<br>حرف 'ل' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف 'ل' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ل' کی پوری اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا تلفظ اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم لال رنگ کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں کی لائی گئی چیزوں کے بارے میں گفتگو کی جائے گی بچوں سے ان کے پسندیدہ رنگ کے بارے میں پوچھا جائے گا بچوں کو یاد کروایا جائے گا کہ کون سے دو پھل لال رنگ کے ہوتے ہیں؟ سیب، اسٹرابری بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'لال' کی ابتدائی آواز 'ل' کی ہے بچوں سے کہیے کہ اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ مل کر ہوا میں حرف 'ل' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کی مشق کریں یہ مشق چند منٹ تک دہرائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کے ساتھ مل کر لال رنگ کے غبارے پھولائے جائیں گے اور کمرہ جماعت کی سجاوٹ کی جائے گی۔ بچوں کو کتاب صفحہ 56 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ل' اور اس کی آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے لڈو، لال، لڑکا کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ<br>10منٹ<br>20منٹ<br>5منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>لال غبارے<br>کتاب صفحہ<br>56 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ل' کا تلفظ، صوتی آواز آدھی شکل اور شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری چھبیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ل' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ل' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت / بناوٹ سے ل، لکھ سکیں۔ حرف 'ل' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف 'ل' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:** حرف 'ل' کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی۔ حرف 'ل' کا تلفظ اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ل' کا تلفظ، صوتی آواز آدھی شکل اور شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:** بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ل' کے مزید الفاظ جانیں گے بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے لہسن، لڑکا، لاٹھی اور لوکاٹ کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔ بچوں سے ان تصاویر کے متعلق بات کی جائے گی۔ فلیش کارڈ کو تختہ سفید سیاہ پر چسپاں کر کے ابتدائی آواز اور حرف کا تعلق بتایا جائے گا۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:** طلباء کو دائرے میں بٹھا دیجیے انھیں ان چیزوں / تصاویر سے بھرا ہوا تھیلا دیجیے جو حرف 'ل' سے شروع ہوتی ہیں۔ تھیلا جیسے جیسے ایک سے دوسرے طالب علم کے پاس جائے گا ہر طالب علم اس میں سے ایک چیز یا تصویر نکالے ابتدائی آواز بتائے اور نام بتائے۔<br>نوٹ: (لکڑی، لال بیگ، لیموں، لٹو) ذخیرہ الفاظ کے علاوہ ان الفاظ کے فلیش کارڈ بھی بنائے جا سکتے ہیں۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 57 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ل' اور اس کی آدھی شکل کی لکھائی کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔ | 20 منٹ | کپڑے کا تھیلا<br>اشیاء<br>فلیش کارڈز<br>کتاب صفحہ نمبر 57 | |
| | **اختتامیہ:** بچوں سے لوکاٹ، لاٹھی اور لہسن کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری چھبیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ل' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ<br>حرف 'ل' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت / بناوٹ سے ل لکھ سکیں۔<br>حرف 'ل' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف 'ل' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ل' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ صوتی آواز اور اشیاء کے ناموں کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو لڑکا اور لڑکی کے فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ لڑکا ہے اور یہ لڑکی ہے کلاس میں تمام لڑکوں کو ایک طرف اور تمام لڑکیوں کو ایک طرف کھڑا ہونے کو کہا جائے گا۔لڑکیوں کے بال لمبے ہوتے ہیں اور لڑکوں کے بال چھوٹے ہوتے ہیں لڑکیاں فراک، شرارہ، غرارہ پہن سکتی ہیں جبکہ لڑکے صرف شلوار قمیض اور پینٹ شرٹ پہنتے ہیں بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'ل' کی پوری اور آدھی شکل کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پر حرف 'ل' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ل' کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ل' کی پوری اور آدھی شکل لکھیں۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>Sand tray<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ل' کا تلفظ، صوتی آواز آدھی شکل اور شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |